کتب خانہ [illegible]

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۵ } مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۱ر شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق ۱۴ر ستمبر ۱۹۴۰ء { جلد ۵۳

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری توسیع مدت ملازمت ناظم صاحب	۲
۲	منظوری ترمیم دفعہ ۲۴ دستور العمل حسابی	۲ و ۳
۳	منظوری مدت داشت متعلق اسناد محررانی خزانہ	۴
۴	منظوری آسامی ٹیچریس بی۔ اے۔ پاس برائے خورشید گرلس اسکول	۵
۵	منظوری الاؤنس موٹر کار برائے انجنیر صاحب ٹیوب ویلز	۵ و ۶
۶	منظوری آسامیان ہیڈ اپرنٹس کمپاؤنڈران برائے شفاخانہ صدر	۶ و ۷
۷	منظوری نیشنل یورپین رعایائے برطانیہ آرڈیننس ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء	۷

احکام اجلاس کونسل اسٹیٹ رامپور

۱	منظوری اعلان بابتہ معافی رسوم تحت اختیارات دفعہ ۳۵ قانون رسوم عدالت ریاست رامپور سنہ ۱۹۳۲ء	9
۲	منظوری رقوم پاس کردہ ڈیولپمنٹ بورڈ	۱۰
۳	منظوری قواعد متعلق حفاظت و داشت و اتلاف مراسلت دیگر کارڈ میونسپلٹی ریاست رامپور ۔	۱۱

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم :- (مسوری) واقع ۲۲ر جولائی سنہ ۱۹۴۰ء

بموجب رپورٹ - مسٹر عبد الجبار خاں ناظم کی مدت ملازمت میں مزید ایکسال کی توسیع بشرائط موجودہ منظور ہے کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں -

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جنابعالی

عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ مسٹر عبد الجبار خاں صاحب ناظم مستعار الخدمت کی مدت ڈیپوٹیشن ۶ر اکتوبر سنہ ۱۹۴۰ء کو ختم ہو جائے گی - چونکہ ان کی خدمات پسندیدہ ہیں - لہذا تاریخ ختم مدت مذکورہ سے مزید ایک سال کی توسیع بشرائط موجودہ قابل منظوری ہے - چنانچہ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۵ر جولائی سنہ ۱۹۴۰ء میں تجویز توسیع یکسالہ سے اتفاق کر لیا ہے - لہذا تر تجویز مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری توسیع شرف نفاذ پائے - زیادہ حد ادب -

دولت واقبال جاوید باد -

عرضی
ترخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۱۰ر جولائی سنہ ۱۹۴۰ء

گورنمنٹ سے منظوری موصول ہوگئی - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے - بعد اجرائے احکام اصل کاغذات دار الانشاء کو واپس بھیجے جائیں -

۱۱ر ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- (مسوری) واقع ۱۱ر ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء

رپورٹ منظور ہے - برائے اجرائے احکام واپس ہو -

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جنابعالی

رام بھروسہ لال کلرک محکمہ زراعت نے جعلی دستخطوں سے پیشگی میں رقوم خزانہ سے حاصل کی تھیں - لہذا عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے احتیاطاً مسودہ ترمیم دفعہ ۲۴ دستور العمل حسابی مرتب کرا کر برائے منظوری ارسال کیا ہے - تاکہ برائے آئندہ ایسے واقعات پیش نہ آئیں - اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۲۹ر اگست سنہ ۱۹۴۰ء میں مسودہ محولہ بالا منسلکہ کاغذات کی منظوری سے اتفاق کر لیا ہے - لہذا ترخواہ

مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرض ذیل حوالہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
منظور ہے
محررہ ۳ ستمبر ۱۹۳۲ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل حکم ہمایوں و عرضداشت اور مسودہ ترمیم دفعہ ۲۲ دستور العمل حسابی درج گزٹ ہو اور ایک نقل بغرض کارروائی بمنشاء حکم ہمایوں عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ ۳ ستمبر ۱۹۳۲ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستور العمل حسابی میں تحت دفعہ ۲۲ حسب ذیل عبارت بطور ضمن (الف) و (ب) ایزاد کیجائے۔

دفعہ ۲۲۔ (الف) ہر اُس افسر کو جو اپنے دستخط سے رقم خزانہ سے حاصل کرتا ہو لازم ہے کہ اپنے دستخط کا نمونہ علیحدہ علیحدہ تین جگہ محکمہ فائنانس کو روانہ کرے۔ جو وہاں باقاعدہ فائل بک میں چسپاں رہینگے۔ اور بروقت ادائیگی رقم یا چک افسر مذکور کے دستخطوں کی مطابقت خزانہ کے نمونہ کے دستخطوں سے کیجاوے گی بصورت عدم مطابقت دستخط کوئی رقم یا چک خزانہ سے ادا نہیں کیا جائیگا۔

دفعہ ۲۲۔ (ب) جملہ افسران کو جو خزانہ سے بذات خود رقم وصول نہیں کرسکتے لازم ہے کہ وہ خزانہ سے رقم یا چک حاصل کرنے کے واسطے اپنے کسی معتمد اہلکار کو نامزد کرکے محکمہ فائنانس کو اطلاع دیں۔ کہ اہلکار مذکور اُنکے صیغہ کی طرف سے خزانہ سے رقوم و چک وغیرہ وصول کرنے کا مجاز ہے۔ خزانہ سے صرف اُس نامزد شدہ اہلکار صیغہ کو رقوم یا چک دیئے جاسکیں گے کسی دوسرے اہلکار کو جو صیغہ کی طرف سے نامزد نہ ہوا ہو۔ خزانہ سے رقم یا چک نہیں دیا جائے گا۔ نہ ایک صیغہ کی رقم یا چک دوسرے صیغہ کے نامزد شدہ اہلکار کو دیا جائیگا۔ اگر نامزد شدہ اہلکار کسی ایام میں کسی وجہ (رخصت۔ موقوفی۔ معطلی وغیرہ) سے خزانہ یا بنک سے رقوم و چک وغیرہ وصول کرنے سے قاصر ہو تو افسر متعلقہ کا فرض ہوگا کہ دوسرے اہلکار کو نامزد کرکے محکمہ فائنانس کو اطلاع دیجائے کہ فلاں ایام میں فلاں اہلکار صیغہ کی رقوم و چک وغیرہ وصول کرنے کا مجاز رہے گا۔ ایسے ایام میں جبکہ دوسرا اہلکار صیغہ کی طرف سے نامزد کردیا گیا ہو۔ سابقہ نامزد شدہ اہلکار کو کوئی رقم یا چک خزانہ سے نہیں دیا جائے گا۔ جب تک بار دیگر اُس اہلکار کے متعلق محکمہ فائنانس کو اطلاع نہ پہونچے۔

حکم

(مسوری)　　واقع ۱۶؍ ستمبر ۱۹۳۲ء

رپورٹ منظور رہے۔ واپس ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض　　میرساند

جنابعالی

قبل ازیں صیغہ فائنانس کی تجویز کے مطابق بحکم اجلاس ہمایوں معصودرہ ۸؍ نومبر ۱۹۳۲ء بہ نمبر ۱۳ اسناد مجرائی خزانہ دوامًا رکھے جانے کی منظوری صادر ہوئی تھی۔ اس کے بعد بحکم اجلاس ہمایوں معصودرہ ۱۷؍ اکتوبر ۱۹۳۰ء محافظ خانہ صدر کی تحریک پر بہ نمبر ۵ اسناد مجرائی خزانہ کی مدت داشت کے بارہ میں جناب ہمایوں سے یہ منظور فرمایا گیا ہے کہ "صرف جمع خرچ صیغہ متعلق دیا و داشت آڈٹ و حصول حکم در سیدیا بندگان تر دوامًا محفوظ رہیں گے۔ بقیہ بندرہ سال خارج ہوں گے"

اس سلسلہ میں سررشتہ صدر کی تحریک پر جناب عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے بعض جمع خرچ کو دوامًا محفوظ رکھے جانے کے قابل نہ پا کر تجویز کیا ہے کہ "جمع خرچ ہائے خوراک ماہواری جانوران کارخانجات اصطبل۔ گاؤخانہ گاؤمیش خانہ و فیل خانہ وغیرہ و جمع خرچ ہائے خوراک حوالاتیان پولیس و قیدیان جیلخانہ دیہیان و مساکین محتاج خانہ وغیرہ و جمع خرچ ہائے مرمت معمولی تعمیرات و جمع خرچ ہائے صفائی امصار و گول و بندات رمیڈہ وجات وغیرہ و جمع خرچ ہائے سائر خرچ ماہواری صیغہ جات از قسم خرید اسٹیشنری و جمع خرچ ہائے مصارف متفرق ماہواری کارخانہ جات وغیرہ کی مدت داشت بوجہ عدم اہمیت تحت نمبر ۱۳ روبکار اجلاس ہمایوں معصودرہ ۸؍ نومبر ۱۹۳۲ء بارہ سال مقرر فرمائی جائے اور مندرجہ بالا عبارت تجویز روبکار اجلاس ہمایوں معصودرہ ۸؍ نومبر ۱۹۳۲ء کے نمبر ۱۳ کے محاذ میں اور حکم اجلاس ہمایوں معصودرہ ۱۷؍ اکتوبر ۱۹۳۰ء کے نمبر ۵۷ کے تحت بطور نوٹ ایزاد فرمائی جائے۔ اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۲۶؍ اگست ۱۹۳۲ء میں تجویز معروضہ بالا سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا ترقیم ہو کر مستدعی ہے کہ بارگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید

عرضی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر
مرقومہ ۸؍ ستمبر ۱۹۳۲ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل عرضداشت اور حکم ہمایوں کی درج گزٹ ہو۔ اور ایک نقل بجہت عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر مرسلہ حسب منشاء حکم ہمایوں کارروائی ضروری فرمائی جائے ۱۹؍ ستمبر ۱۹۳۲ء　　دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- (مسوری) واقع ۱۰ر ستمبر ۱۹۲۰ء

رپورٹ منظور ہے۔ واپس ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ امسال خورشید گرلس اسکول کو بوجہ کثرت داخلہ ہائے اسکول بنانے کی تجویز ہے اور اس کے لئے موزوں اشاعت کی ضرورت ہوگی لیکن فی الحال موجودہ اسٹاف سے کام لئے جانے کا انتظام کیا جائے گا۔ صرف ایک ٹیچرس بی۔ اے پاس کی ضرورت ہوگی جس کے بغیر ہائی اسکول کا اجرا ناممکن ہے اس جدید اسامی سے بجٹ پر کسی قسم کا بار نہیں پڑے گا کیونکہ تیس روپیہ ماہانہ کی ملازمت کا تقرر سر دست بوجہ عدم ضرورت ملتوی رہے گا۔ اسکے علاوہ بجٹ سال رواں میں سابقہ ہیڈ مسٹریس کی تنخواہ ۱۲۰ ماہانہ منظور ہوئی ہے۔ اسکی بچت بھی شامل ہوکر ایکسو روپیہ ماہانہ کی گنجائش تا ختم سال رواں نکل آئے گی۔ لہذا ایک جدید اسامی ٹیچرس بی۔ اے پاس بمشاہرہ ایکسو روپیہ از ۱۵ر اگست ۱۹۲۰ء قابل منظوری ہے چیف فائنانس کو بھی تجویز مذکور سے اتفاق ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۲۰ر اگست ۱۹۲۰ء میں تجویز معروضہ بالا سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا ترتیباً مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم دربارہ مشرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرض دستخط عالی مرتبت صاحب [illegible] چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۱۰ر ستمبر ۱۹۲۰ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اور ایک نقل بخدمت عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر مرسلہ ہو حسب منشاء حکم ہمایوں کارروائی ضروری فرمائی جائے۔

۱۰ر ستمبر ۱۹۲۰ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- (مسوری) واقع ۱۰ر ستمبر ۱۹۲۰ء

رپورٹ منظور ہے۔ واپس ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ مسٹر عزیز اللہ خاں انجنیئر کو ریاست کے جملہ تعمیرات کی نگرانی کے سلسلہ میں کثیر مسافت طے کرنا ہوتی ہے اور راستوں کی خرابی اور کام کی تعجیل کے باعث

ضروری ہے کہ سفر بذریعہ موٹر کیا جائے۔ لہذا مناسب ہوگا کہ انکو تیس روپیہ ماہانہ موٹر کار الاؤنس دلایا جانا منظور فرمایا جائے۔ رقم مطلوبہ بجٹ ٹیوب ویل سنہ ۳۱-۱۹۳۰ء کی مد "کنٹنجنسیز" سے ادا کی جا سکے گی۔ تجویز مذکورہ سے صیغہ فائنانس کو بھی اتفاق ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۲۶ر اگست سنہ ۱۹۳۲ء میں عطائے الاؤنس مذکورہ سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا ترمیم تنخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
ستمبر ۱۹۳۲ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اور ایک نقل بغرض کارروائی بمثل حکم ہمایوں عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ ۱۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم: واقع ۱۲ر ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء

رپورٹ منظور ہے۔ واپس ہو۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض — میر سامانہ

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ گذشتہ دو سال سے کمپاؤنڈران کی آسامی کے لئے امیدوار بہت دشواری سے مل رہے ہیں چنانچہ سال گذشتہ بھی دو آسامیوں پر تقرر نہ ہو سکا اور اسی سبب سے عمر رسیدہ کمپاؤنڈران کو پنشن پر ریٹائر نہیں کیا جا سکتا۔ ایک امیدوار کو کم سے کم دو سال تک ٹریننگ کرنا پڑتی ہے۔ اگر کوئی امیدوار ٹریننگ شروع بھی کرتا ہے۔ تو جب کسی صیغہ میں مستقل یا عارضی ملازمت ملجاتی ہے تو ٹریننگ چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔ امسال چار آسامیان کمپاؤنڈران کی خالی ہیں لیکن اب تک صرف ایک امیدوار ٹریننگ کے بعد امتحان پاس کر سکا ہے۔ ان تمام مشکلات اور خوش اسلوبی کار پر نظر کرتے ہوئے تجویز ہے کہ دو آسامیان ہیڈ اپرنٹس کمپاؤنڈران کی بمشاہرہ دس روپیہ فی آسامی منظور فرمائی جائیں۔ ہیڈ اپرنٹس صرف انگریزی مڈل پاس رکھے جائیں گے۔ بیس روپیہ ماہانہ کی گنجائش بجٹ شفاخانہ جات سے نکال لیجائے گی۔ صیغہ فائنانس کو تجویز مذکورہ سے اتفاق ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۲۶ر اگست سنہ ۱۹۳۲ء میں دو آسامیان ہیڈ اپرنٹس کمپاؤنڈران بمشاہرہ دس روپیہ فی آسامی شفاخانہ صدر میں منظور فرمائے جانے سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا ترمیم تنخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
ستمبر ۱۹۳۲ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ایک نقل بخدمت عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر مرسل ہو حسب منشا رحکم ہمایوں کاروائی ضروری فرمائی جائے۔ ۲۳ر ستمبر ۱۹۳۲ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- (مسودی) واقع ۲۰ر ستمبر ۱۹۳۲ء

بموجب رپورٹ "نیشنل یورپین رعایائے برطانیہ آرڈیننس ریاست رامپور ۱۹۳۲ء" کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض | میرساند

جناب عالی

بتعمیل حکم اجلاس ہمایوں عالیمرتبت صاحب اسٹیٹ ایڈوکیٹ بہادر نے یورپین رعایائے برطانیہ کے لئے جو تحت تاج برطانیہ مسلح فوج یا سول حیثیت میں خدمات انجام دیں۔ مسودہ آرڈیننس موسومہ "نیشنل یورپین رعایائے برطانیہ آرڈیننس ریاست رامپور ۱۹۳۲ء" پیش کیا ہے۔ جو ذریعہ عرضداشت ہذا برائے ملاحظہ حضور انور میں پیش ہے۔ ترتیخواہ مستدعی ہے کہ بنگاہ عالی اسے حکم منظوری و اشاعت شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

فدوی

ترجمہ خواہ و دستخط عالیمرتبت صاحب جوڈیشیل منسٹر بہادر معروضہ ۲۰ر ستمبر ۱۹۳۲ء

نوٹ:- نیشنل یورپین رعایائے برطانیہ آرڈیننس ریاست رامپور ۱۹۳۲ء کی کاپی گزٹ کے آخر میں شامل ہے۔

آرڈرز ان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ :- واقع ۱۵ جولائی ۱۹۳۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۵ جولائی ۱۹۳۲ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اعلان منسلکہ منجانب گورنمنٹ رامپور بابت معافی رسوم تحت اختیارات دفعہ ۲۵ قانون رسوم عدالت ریاست رام پور ۱۹۳۲ء مطابق منظوری گورنمنٹ ہند - پیش ہوکر طے پایا کہ :-

حسب تجویز اعلان منسلکہ منجانب گورنمنٹ رامپور شائع کئے جانے کی منظوری دیجاتی ہے -

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اشاعت بعد منظوری گورنمنٹ ہند بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دارالانشاء مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

گورنمنٹ سے منظوری موصول ہوگئی۔ اعلان ہذا بغرض اشاعت گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ بعد اشاعت اصل کاغذات دارالانشاء واپس کئے جائیں -
۱۰ ستمبر ۱۹۳۲ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

تحت اختیارات محکومہ دفعہ ۲۵ قانون رسوم عدالت ریاست رامپور ۱۹۳۲ء گورنمنٹ رامپور اعلان کرتی ہے کہ قانون مذکور کے ضمیمہ نمبر ۱ کی مدات نمبر ۱۱ و نمبر ۱۲ میں جو رسوم قابل اخذ ہیں وہ اُن اشخاص کی نسبت معاف کئے جاتے ہیں۔ جن سے قانون فوج ریاست رام پور ۱۹۳۲ء (برٹش) نیول ڈسپلن ایکٹ، انڈین نیوی (ڈسپلن) ایکٹ ۳۴ سنہ ۱۹۳۴ء برٹش آرمی ایکٹ، برٹش ایر فورس ایکٹ ۲۱ سنہ ۱۹۳۲ء متعلق ہیں۔ اور جو دشمن کے مقابلہ میں ایکٹیو سروس کی یا ایسی خدمت کی حالت میں جو جنگ کی نوعیت کی ہو یا جو گورنمنٹ رام پور کی رائے میں مثل ایکٹیو سروس کے ویسی ہی خطرات کی حامل ہو ہلاک ہوگیا ہو۔ یا اُن زخموں سے جو ایسی خدمات کی انجام دہی کی حالت میں اُسکو پہونچے ہوں یا جو اندرون تین سال قبل وفات کسی حادثہ کے وقوع یا کسی بیماری کی وجہ سے فوت ہو جائے -

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اُرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ :- واقع ۲۹ر اگست ۱۹۳۰ء / ۲ر ستمبر

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۹ر اگست ۱۹۳۰ء میں عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ کی تجویز بابت منظوری رقوم مندرجہ ذیل پاس کردہ ڈیولپمنٹ بورڈ بجلسہ ۲۰ر اگست ۱۹۳۰ء پیش ہوئی۔

۱- برائے بدرگنڈ البسلہ جنگ	[illegible]
۲- برائے صفائی حسابات محکمۂ انہار	[illegible]
۳- مصارف تعمیر سیڈ اسٹور بمقام بلاسپور	[illegible]
۴- مصارف تعمیر ایک کوارٹر برائے انسپکٹر بمقام لالپور	[illegible]
۵- مصارف مرمت وغیرہ سیڈ اسٹور ہنوز ...	[illegible]
۶- ادائیگی بہ ٹیکہ دار جو برآمد چارج گیا	[illegible]
۷- معاوضہ گھاٹ جھنیا جاگیر	[illegible]
۸- مرمت پل بر سڑک سیوار	[illegible]
۹- مصارف درستی لینڈ گاڑی	[illegible]
۱۰- برائے تعمیر راستہ بمقام شاہ آباد گھاٹ	[illegible]
۱۱- مصارف تنخواہ وغیرہ برائے ۱۱ ماہ ایک انسپکٹر زراعت	[illegible]
۱۲- معاوضہ گھاٹ ہائے متعلق	[illegible]
۱۳- مصارف برائے کواپریٹو سوسائٹی	[illegible]
۱۴- مرمت دو عدد ٹیوب ویلز	[illegible]

طے پایا کہ :-

حسب تجویز رقوم معرصہ بالا کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام بخدمت عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ مرسل ہوں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

اُرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ :- واقع ۲۱ر اگست ۱۹۳۰ء / ۲ر ستمبر

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۲ر اگست ۱۹۳۰ء میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری قواعد متعلق حفاظت و داخلات مراسلت و ریکارڈ میونسپلٹی ریاست رامپور منسلکہ کاغذات مشتہرشدہ بہ گزٹ مطبوعہ ۲۲ر جون ۱۹۲۹ء پاس کردہ میونسپل بورڈ بجلسہ منعقدہ ۲۷ر مارچ ۱۹۳۰ء پیش ہوکر طے پایا کہ :-

حسب تجویز قواعد محولہ بالا منسلکہ کاغذات کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اندراج گزٹ وغیرہ بخدمت عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

برائے اندراج گزٹ بمطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ ۹ر ستمبر ۱۹۳۰ء

دستخط عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

نوٹ: قواعد مذکورہ بالا کی کاپی گزٹ کے آخر میں شامل ہے۔